MANHATTAN

2017 New York City کنڈرگارٹن ڈائریکٹری

NYC Department of Education

Bill de Blasio
Mayor

Carmen Fariña
Chancellor

اردو | Urdu

اہم تاریخیں

2016
نومبر

معلوماتی سیشنز(تاریخوں اور مقامات کے لئے کنڈرگارٹن داخلہ جات ای میل فہرست کے لئے سائن اپ کریں یا 718-935-2009 پر کال کریں)

2016
نومبر
30

درخواست دینے کے عرصے کا آغاز

2017
جنوری
13

درخواست دینے کے عرصے کا اختتام

2017
مارچ

پیشکش کے خطوط اہلِ خانہ کو روانہ ہونے کی تاریخ

2017
اپریل

قبل از اندراج ڈیڈلائن

اہم وسائل

ویب سائٹ

schools.nyc.gov/Kindergarten
کنڈرگارٹن داخلہ جات کے متعلق مزید معلومات اور وسائل حاصل کرنے کے لیے پورا سال اس ویب سائٹ کو دیکھتے رہیں۔

ای میل

schools.nyc.gov/Subscribe
تازہ ترین معلومات اور اہم تاریخوں کی یاد دہانیاں حاصل کرنے کے لیے کنڈرگارٹن داخلہ جات کی ای میل فہرست کے لیے سائن اپ کریں۔

فون

718-935-2009
کال کریں اگر آپ کو کنڈرگارٹن داخلہ جات کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں۔

خاندانی استقبالیہ مراکز

schools.nyc.gov/WelcomeCenters
کنڈرگارٹن داخلہ جات کے بارے میں DOE عملے کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف لائیں۔ خاندانی استقبالیہ مرکز کے مقامات پشت پر درج ہیں۔

انگریزی زبان کے متعلمین

schools.nyc.gov/Academics/ELL
انگریزی زبان سیکھنے والوں (ELL) کی خدمات اور دو زبانوں والے اور انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL) پروگراموں کے بارے میں جانیں۔

خصوصی تعلیم

schools.nyc.gov/academics/specialeducation دیکھیں
نیو یارک شہر کے سرکاری اسکولوں میں خصوصی تعلیمی خدمات کے بارے میں جانیں۔

طلباء کی آمدورفت

optnyc.org
نیو یارک شہر کے سرکاری اسکولوں میں آمدورفت کی خدمات کے بارے میں جانیں۔

سرورق کے بارے میں
P.S. 176K
طالب علم: گورڈن لیو
استاد: کیلی این تھومپسن
پرنسپل: الزابیتھ کلکن

آرٹ نیو یارک .P.S شہر کے پری کنڈرگارٹن سے لیکر ہائی اسکول تک سرکاری اسکول کے طلباء و طالبات کے آرٹ ورک کو سراہتا ہے۔ ایک مقابلہ جس کا اختتام Metropolitan Museum of Art میں ایک نمائش اور ان کی فہرست کی اشاعت پر ہوتا ہے۔ آرٹ مثالی بصری فنون کی تدریس اور تربیت پر توجہ دیکر نیو یارک شہر کی بصری فنون کی کمیونٹی تیار کرتا ہے۔

MANHATTAN

2017

New York City

کنڈرگارٹن ڈائریکٹری

نیو یارک شہر کے محکمہ تعلیم کی یہ پالیسی ہے کہ وہ اصل یا محسوس کردہ نسل، رنگ، مذہب، مسلک، گروہ، قومی ماخذ، غیر ملکی ہونے کی حالت، شہریت کی کیفیت، معذوری، وزن، تذکیر و تانیث (جنس) یا جنسی تعارف سے قطع نظر مساوی تعلیمی مواقع فراہم کرتا ہے، اور ان میں سے کسی بھی ایک کی بنیاد، بشمول جنسی ہراسگی یا انتقام سے پاک ماحول قائم رکھتا ہے۔ متعلقہ قوانین کی تعمیل کے حوالے سے انکوائریاں درج ذیل کو بھیجی جا سکتی ہیں:

Director, Office of Equal Opportunity, 65 Court Street, Room 1102, Brooklyn, New York 11201.
.Telephone 718-935-3320

NYC Department of Education

Bill de Blasio
Mayor

Carmen Fariña
Chancellor

English	Translations of this directory are available at schools, Family Welcome Centers, and on our website (**schools.nyc.gov/Kindergarten**).
Arabic	تتوفر ترجمات هذه الدليل لدى المدارس ومراكز استقبال العائلات وعلى موقعنا الإلكتروني (**schools.nyc.gov/Kindergarten**).
Bengali	এই নির্দেশিকার অনূদিত সংস্করণ স্কুলগুলোতে, ফ্যামিলি ওয়েলকাম সেন্টারে, এবং আমাদের ওয়েবসাইটে (**schools.nyc.gov/Kindergarten**) পাওয়া যাবে।
Chinese	本指南的翻譯版本（中文版）將分發至各學校、家庭歡迎中心，並刊登於我們的網站上（**schools.nyc.gov/Kindergarten**），供您取用及參考。
French	Les versions traduites de ce guide sont disponibles auprès des écoles, des Centres d'accueil pour les familles, ainsi que sur notre site Internet (**schools.nyc.gov/Kindergarten**).
Haitian Creole	Vèsyon manyèl sa a ki tradwi ap disponib nan lekòl yo, nan Sant Akèy pou Fanmi, ak sou sitwèb nou an (**schools.nyc.gov/Kindergarten**).
Korean	이 핸드북의 번역본은 학교, 패밀리 웰컴 센터 및 당국 웹 사이트(**schools.nyc.gov/Kindergarten**)에서 제공됩니다.
Russian	За переводом Справочника обращайтесь в школы и Семейные центры или посетите наш вебсайт (**schools.nyc.gov/Kindergarten**).
Spanish	Las traducciones de este manual se encuentran disponibles en las escuelas, en los Centros de Bienvenida a las Familias y en nuestra página web (**schools.nyc.gov/Kindergarten)**.
Urdu	اس کتابچے کے ترجمے اسکولوں، خاندانی استقبالیہ مراکز اور ہماری ویب سائٹ (**schools.nyc.gov/Kindergarten**) پر دستیاب ہیں۔

مشمولات

کنڈرگارٹن داخلہ جات میں خوش آمدید

1.0 کنڈرگارٹن داخلہ جات میں شرکت کریں 1

2.0 کنڈرگارٹن کے اپنے انتخابات کو سمجھیں 1

2.1 اپنا زون اسکول تلاش کریں 1

2.2 اپنا ضلع تلاش کریں 1

2.3 اپنے اسکول کے انتخابات کو سمجھیں 2

2.4 اسکولوں کا دورہ کریں 2

2.5 کنڈرگارٹن ڈائریکٹری استعمال کریں 2

2.6 اپنے اسکول کے انتخابات درج کریں 5

3.0 13 جنوری 2017 تک کنڈرگارٹن کے لئے درخواست دیں 5

3.1 کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کے تین طریقے 6

3.2 پبلک اسکول کنڈرگارٹن کے اضافی انتخابات 6

4.0 مارچ 2017 میں کنڈرگارٹن پیشکش وصول کریں 7

4.1 زون اسکول میں داخلوں کی ترجیحات 8

4.2 غیر زون شدہ اسکولوں میں داخلوں کی ترجیحات 8

4.3 ضلع 1 داخلوں کی ترجیحات 8

4.4 فہرستِ منتظرین 9

5.0 اپریل 2017 تک اپنی پیشکش قبول کریں اور پیشگی اندراج کرائیں 9

5.1 ابتدائی اندراج 9

5.2 نقل و حمل 11

6.0 اپنے بچے کی ضروریات پورا کرنا 12

6.1 انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) کے حامل طلباء و طالبات 12

6.2 انگریزی سیکھنے والے طلباء و طالبات 13

6.3 محدود حرکت پذیری اور /یا رسائی پذیری کی ضروریات والے طلباء و طالبات 14

ضلع کے ایلیمنٹری اسکول

ضلع 1 18
ضلع 2 26
ضلع 3 44
ضلع 4 54
ضلع 5 64
ضلع 6 72

Manhattan چارٹر ایلیمنٹری اسکول 86

کنڈرگارٹن میں

خوش آمدید

کنڈرگارٹن بچوں اور خاندانوں کے لئے ایک نیا اور حیرت انگیز وقت ہوتا ہے۔
نیو یارک شہر میں، آپ کا بچہ اس سال کنڈرگارٹن میں درخواست دے سکتا ہے جب وہ پانچ سال کا ہوتا ہے۔
اس ڈائریکٹری میں آپ کی برو میں تمام پبلک ایلیمنٹری اسکولوں کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔ یہ تعارف کنڈرگارٹن داخلوں میں آپ کی رہنمائی کرے گا؛ یہ اضافی وسائل کنڈرگارٹن داخلوں کی کاروائی میں آپ کی مدد بھی کریں گے۔

آن لائن درخواست

schools.nyc.gov/ApplyOnline

کنڈرگارٹن میں 30 نومبر 2016 سے 13 جنوری 2017 تک درخواست دیں۔

ویب سائٹ

schools.nyc.gov/Kindergarten

کنڈرگارٹن داخلہ جات کے متعلق مزید معلومات اور وسائل حاصل کرنے کے لیے پورا سال اس ویب سائٹ کو دیکھتے رہیں۔

ای میل

schools.nyc.gov/Subscribe

تازہ ترین معلومات اور اہم تاریخوں کی یاد دہانیاں حاصل کرنے کے لیے کنڈرگارٹن داخلہ جات کی ای میل فہرست کے لیے سائن اپ کریں۔

فون

718-935-2009

رابطہ کریں اگر آپ کو کنڈرگارٹن داخلہ جات کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں۔

خاندانی استقبالیہ مراکز

schools.nyc.gov/WelcomeCenters

کنڈرگارٹن داخلہ جات کے بارے میں عملے کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف لائیں۔ خاندانی استقبالیہ مرکز کے مقامات سر ورق پر درج ہیں۔

انگریزی زبان کے متعلمین

schools.nyc.gov/Academics/ELL

انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) کی خدمات کے علاوہ دو لسانی اور انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL) پروگراموں کے بارے میں جانیں۔

خاص تعلیم

schools.nyc.gov/academics/specialeducation دیکھیں

نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں میں خاص تعلیم خدمات کے بارے میں جانیں۔

طالبانہ نقل و حمل

optnyc.org

نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں میں نقل و حمل کی خدمات کے بارے میں جانیں۔

عملی مراحل کے لیے کاموں کی فہرست

کنڈرگارٹن داخلوں کے ہر حصے کے لیے تیاری کرنے کے لیے عملی مراحل کے لیے کاموں کی یہ فہرست استعمال کریں۔

نومبر

اپنے انتخابات کو سمجھیں

- ☐ اپنے زون کا اسکول ڈھونڈیں 311 کو کال کر کے یا اسکول تلاش (schools.nyc.gov/SchoolSearch) استعمال کرتے ہوئے معلوم کریں کہ آیا آپ ضلع 7 میں رہتے ہیں۔
- ☐ یہ ڈائریکٹری استعمال کرتے ہوئے اپنے ضلع میں انتخابات کے بارے میں تحقیق کریں۔ *اشارہ: آپ کا ضلع آپ کے زون والے اسکول کا ضلع ہے۔*
- ☐ مزید جاننے کے لئے اسکول کا دورہ کریں۔
- ☐ اسکولوں کی اپنی فہرست تیار کریں۔ آپ اپنی درخواست پر 12 کی تعداد تک انتخابات درج کر سکتے ہیں۔

دسمبر/جنوری

13 جنوری 2017 تک کنڈرگارٹن کے لئے درخواست دیں۔

- ☐ اپنی درخواست کو آن لائن، بذریعہ فون یا کسی خاندانی استقبالیہ مرکز میں خود جا کر جمع کرا سکتے ہیں۔

مارچ

مارچ 2017 میں پیشکش وصول کریں۔

- ☐ مارچ میں آپ کو پیشکش کا ایک خط وصول ہو گا۔ یہ خط آپ کو بتائے گا کہ آپ بچہ کنڈرگارٹن کے لئے کہاں جائے گا۔

اپریل

اوائل اپریل 2017 تک پیشکش قبول کریں اور پیشگی اندراج کرائیں۔

- ☐ ایک پیشکش قبول کرنے کے لئے، آپ کو اسکول میں پیشگی اندراج کرانا چاہیے۔
- ☐ پیشگی اندراج کرانے کے لئے، اپنے بچے کے ہمراہ خود اسکول کا دورہ کریں اور تمام مطلوبہ دستاویزات ہمراہ لائیں۔

1.0 کنڈرگارٹن داخلہ جات میں شرکت کریں

کنڈرگارٹن آپ کے بچے کے ایلیمنٹری اسکول کے سفر کی ابتداء ہوتی ہے۔ پورے نیو یارک شہر میں 800 ایلیمنٹری اسکول ہیں۔

2012 میں پیدا ہونے والے تمام بچے جو نیو یارک شہر میں رہتے ہیں ستمبر 2017 میں کنڈرگارٹن شروع کریں گے۔ کنڈرگارٹن آپ کے بچے کو کامیابی کی جانب گامزن کرنے کے لئے اس کی تعلیم میں اگلا اہم قدم ہے۔

2012 میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کو اسکول میں کنڈرگارٹن کی ایک نشست کی ضمانت دی جاتی ہے۔ ایک مرتبہ جب آپ کا بچہ کنڈرگارٹن شروع کرتا ہے، وہ اس کے آخری گریڈ تک اس اسکول میں رہ سکتا ہے۔

تمام خاندانوں کو کنڈرگارٹن کے لئے ایک درخواست جمع کرانی چاہیے، بشمول موجودہ پری کنڈر گارٹن طلباء و طالبات، معذوری کے حامل طلباء و طالبات اور انگریزی زبان کے متعلمین۔ نیو یارک شہر محکمہ تعلیم تمام بچوں کی ضروریات کو کیسے پورا کرتا ہے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم سیکشن 6.0 ملاحظہ کریں۔

کنڈرگارٹن داخلہ جات میں شرکت کرنے کے چار مراحل ہیں۔

1. کنڈرگارٹن کے اپنے انتخابات کو سمجھنا
2. کنڈرگارٹن کے لئے درخواست دینا
3. کنڈرگارٹن کی ایک پیشکش وصول کریں
4. اپنی پیشکش قبول کرنا اور کنڈرگارٹن کے لئے پیشگی اندراج کرانا

2.0 کنڈرگارٹن کے اپنے انتخابات کو سمجھیں

آپ کا بچے کا اپنے زون والے اسکول میں کنڈرگارٹن میں داخل ہونے کا زیادہ امکان ہے۔ اگر آپ اپنے زون والے اسکول کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں تو آپ کو اسے اپنی درخواست پر درج کرنا چاہیے۔ اگر آپ علاقے میں دوسرے اسکولوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو آپ ان کو بھی اپنی درخواست پر درج کر سکتے ہیں۔

2.1 اپنا زون اسکول تلاش کریں

بہت سارے اسکول کا ایک علاقہ ہوتا ہے جس کو ان کا زون کہتے ہیں۔ اگر آپ اس زون میں رہتے ہیں، تو یہ اسکول آپ کا "زون اسکول ہے۔" آپ کا زون اسکول وہ اسکول ہے جہاں آپ کے بچے کا کنڈرگارٹن میں داخل ہونے کا سب سے زیادہ امکان ہے۔

2.2 اپنا ضلع تلاش کریں

نیو یارک شہر میں 32 اسکول اضلاع ہیں۔ آپ کا ضلع آپ کے زون اسکول کا ضلع ہے۔ آپ کے بچے کا ضلع سے باہر کے اسکولوں کے مقابلے میں اپنے ضلع اسکول میں داخل ہونے کا زیادہ امکان ہے۔

مشورہ

311 پر کال کریں یا ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/SchoolSearch** یہ جاننے کے لئے کہ آپ کا زون اسکول کون سا ہے اور آپ کون سے ضلع میں رہتے ہیں۔

2.3 اپنے اسکول کے انتخابات کو سمجھیں

آپ اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست پر اسکولوں کی تین اقسام کو درج کر سکتے ہیں-زون والے اسکول، غیر زون والے اسکول اور انتخابی اسکول۔

2.3.1 زون والے اسکول: زون والے اسکول اپنے زون میں رہنے والے طلباء و طالبات کو پہلے پیشکش کرتے ہیں۔ زون والے زیادہ تر اسکول زون میں رہنے والے تمام طلباء و طالبات کو کنڈرگارٹن کی پیشکش کرتے ہیں۔ زون والے کچھ اسکولوں کے پاس زون سے باہر رہنے والے بچوں کو پیشکش کرنے کی گنجائش ہوتی ہے۔

2.3.2 غیر زون شدہ اسکول: غیر زون شدہ اسکولوں کا کوئی زون نہیں ہوتا۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کو کوئی پتے تفویض نہیں کیے ہوتے اور پورے برو اور ضلع سے خاندان غیر زون شدہ اسکولوں میں شرکت کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر غیر زون شدہ اسکولوں میں، اسکول کے ضلع میں رہنے والے طلباء و طالبات کو ضلع سے باہر رہنے والے طلباء و طالبات سے پہلے پیشکشیں وصول ہوں گی۔ پیشکشوں کے لئے بہن بھائیوں کی حیثیت اور دیگر معیار بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔

2.3.3 انتخابی اسکول: نیو یارک شہر میں تین اضلاع ہیں جن میں کوئی زون شدہ اسکول نہیں ہیں۔ ان اضلاع میں اسکولوں کو انتخابی اسکول کہا جاتا ہے اور ان اضلاع میں رہنے والے طلباء و طالبات کو ضلع میں تمام اسکولوں میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہے۔ یہ اضلاع ہیں:

- **ضلع 1:** Lower East Side-Manhattan
- **ضلع 7:** South Bronx
- **ضلع 23:** Brownsville-Brooklyn

2.4 اسکولوں کا دورہ کریں

بہت سارے اسکول دوروں کی پیشکش کرتے ہیں تاکہ خاندان دورہ کر کے ان کے بارے میں مزید جان سکیں۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کب اسکول کا دوررہ کر سکتے ہیں، اسکول سے براہ راست رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/Kindergarten**۔

2.5 کنڈرگارٹن ڈائریکٹری استعمال کریں

اپنے اسکول کے انتخابات کے بارے میں تحقیق کرنے کے لئے یہ ڈائریکٹری استعمال کریں۔ اس ڈائریکٹری میں آپ کی برو میں تمام پبلک ایلیمنٹری اسکولوں درج ہیں۔ اسکول ضلع کے لحاظ سے درج ہیں اور ہر ضلع کے لئے تمام اسکول انتخابات کا ایک نقشہ دیا گیا ہے۔ چارٹر ایلیمنٹری اسکول کے اختیارات نقشے پر اور اس ڈائریکٹری کے آخر میں درج ہیں۔

یہ اسکول صفحے کا نمونہ اس ڈائریکٹری میں ایک ایلیمنٹری اسکول کے لئے درج عمومی معلومات کو ظاہر کرتا ہے؛ اپنی کنڈرگارٹن درخواست کے لئے ہر انتخاب کے بارے میں تحقیق کرنے کے لئے یہ معلومات کیسے استعمال کی جائیں کے بارے میں جاننے کے لئے پڑھنا جاری رکھیں۔

نوٹ: ترجمہ شدہ ڈائریکٹریاں یہاں دستیاب ہیں **schools.nyc.gov/Kindergarten**۔

2.5.1 اسکول عمومی جائزہ: جانیں کہ آیا اسکول زون اسکول، غیر زون شدہ اسکول یا انتخابی اسکول ہے۔

تمام اسکول معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرتے ہیں، اور توقع کی جاتی ہے کہ وہ طلباء و طالبات کے IEPs پر درج خصوصی تعلیم کے پروگرام اور خدمات مہیا کریں گے۔ IEPs والے بہت سارے طلباء و طالبات اپنے زون والے اسکول میں جاتے ہیں، ایسے ہی جیسا کہ ان کے دوسرے تعلیمی ساتھی۔ معذوریوں والے طلباء و طالبات کے خاندانوں کو کنڈرگارٹن کی ایک نشست حاصل کرنے کے لئے کنڈرگارٹن میں درخواست دینی چاہیے۔

سیکشن 6.1 مزید معلومات فراہم کرتی ہے کہ محکمہ تعلیم کیسے معذوریوں والے طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرتا ہے۔

تمام اسکول انگریزی زبان کے متعلمین (ELLs) کی ضروریات کو پورا کریں گے۔ محکمہ تعلیم انگریزی کے متعلمین (ELLs) کو کئی طرح کے پروگرام اور معاونتیں فراہم کرتا ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ان میں درجہ کمال تک پہنچنے کے لئے ضروری انگریزی زبان کی مہارتیں فروغ پاتی ہیں۔ ELLs کو خدمات فراہم کرنے کے لئے تین بڑی اقسام کے پروگرام تیار کیے گئے ہیں: انگریزی بطور ایک نئی زبان، عارضی دو لسانی تعلیم، اور دوہری زبان

تمام اسکول انگریزی بطور نئی زبان کے پروگرام پیش کرتے ہیں۔ کچھ اسکول دوسرے پروگرام پیش کرتے ہیں، جیسا کہ دوہری زبان اور عارضی دو لسانی تعلیم۔ یہ اضافی پروگرام ڈائریکٹری میں اسکول کے صفحے پر درج ہوں گے۔

سیکشن 6.2 مزید معلومات فراہم کرتی ہے کہ محکمہ تعلیم کیسے انگریزی سیکھنے والے طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرتا ہے۔

معلوم کریں کہ آیا اسکول محدود حرکت پذیری والے افراد کے لئے قابل رسائی ہے۔ سیکشن 6.3 مزید معلومات فراہم کرتی ہے کہ محکمہ تعلیم کیسے رسائی پذیری کی ضرورتوں والے طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرتا ہے۔

2.5.2 اسکول کی معلومات: معلوم کریں کہ اسکول کے عملے کے ساتھ کیسے رابطہ کیا جائے۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے دلچسپی کے اسکولوں تک بذات خود، بذریعہ فون یا بذریعہ ای میل پہنچیں۔

دیکھیں کہ 2015-2016 تدریسی سال میں کتنے طلباء و طالبات اسکول میں داخل ہوئے اور وہ کون سے گریڈ فراہم کرتے ہیں۔

آپ یہ بھی جان سکتے ہیں کہ آیا اسکول کسی اور اسکول یا پروگرام کے ساتھ عمارت کا اشتراک کرتا ہے۔ اس سیکشن میں یہ بھی درج ہوتا ہے کہ اسکول کونسی انگریزی زبان کی امدادی خدمات اور پروگرام پیش کرتا ہے۔

اگر اسکول قابل اور ہنرمند پروگرام پیش کرتا ہے تو یہ چیز بھی اس سیکشن میں درج ہوتی ہے۔

آخر میں، آیا کہ اسکول میگنٹ اسکول ہے، یہ چیز بھی اس سیکشن میں لکھی ہوتی ہے۔ ایک میگنٹ اسکول پبلک اسکول ہوتا ہے جو تمام اسکولوں میں ایسا نصاب پیش کرتا ہے جو ایک مخصوص موضوع پر تیار کیا گیا ہوتا ہے۔ جبکہ کچھ اسکولوں نے اپنے نام میں "Magnet" کا لفظ لگا رکھا ہے، صرف وہ اسکول جنہوں نے Magnet Schools Assistance Program (M.S.A.P) سرمایہ وصول کیا ہے میگنٹ کے طور پر نامزد کیا جائے گا۔

2.5.3 اسکول کی کارکردگی: تیسرے، چوتھے اور پانچویں گریڈ والے طلباء و طالبات جنہوں نے 2015-2016 تدریسی سال میں انگریزی اور ریاضی میں ماہر تھے کی شرح معلوم کریں۔ سالانہ نیو یارک شہر اسکول سروے سے والدین کے منتخب جوابات بھی شامل ہیں۔ آپ اسکول کے بارے میں **schools.nyc.gov/Accountability** میں دیکھ کر اسکول کی کارکردگی اور مردم نگاری کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

شہر بھر کے ایلیمنٹری اسکول کی کارکردگی

- **35%** طلباء و طالبات ریاستی ELA امتحان میں ماہر تھے
- **34%** طلباء و طالبات ریاستی ریاضی کے ٹیسٹ میں ماہر تھے
- **93%** والدین اپنے بچے کی تعلیم سے مطمئن ہیں
- **93%** والدین محسوس کرتے ہیں کہ ان کا بچہ اسکول میں محفوظ ہے

2.5.4 پیشکش کردہ پروگرام: اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست مکمل کرتے وقت، آپ کو اسکول کا پروگرام کوڈ درج کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایسے اسکول جو غیر دوہری زبان کے پروگرام کے ساتھ ساتھ دوہری زبان کا پروگرام پیش کرتے ہیں ان کے ایک سے زائد کوڈ ہوں گے۔

02M001

P.S. 1 Alfred E. Smith

خصوصی تعلیمی پروگرام | انگریزی زبان متعلمین کے پروگرام

زون والا اسکول

اسکول کی معلومات

کل طلباء و طالبات: 400 | **گریڈ:** PK-5

پتہ: 8 Henry Street, Manhattan NY 10038 | **مشترکہ جگہ:** نہیں

پرنسپل کا نام: Amy Hom | **ای میل:** AHom@schools.nyc.gov

فون : 212-267-4133 | **ویب سائٹ:** schools.nyc.gov/schoolportals/02/M001

سب وے: N، Q، R سے Canal St؛ F سے East Broadway، B، D سے Grand St؛ 4، 5، 6، J، Z سے Chambers St

بس: BM1, BM2, BM3, BM4, BxM18, M103, M15, M15-SBS, M22, M5, M9, QM11, QM25, QM7, QM8, X1, X10, X11, X12, X14, X15, X17, X17A, X19, X2, X27, X28, X42, X5, X8

اسکول کی کارکردگی

41% طلباء و طالبات ریاستی ELA امتحان میں ماہر تھے

61% طلباء و طالبات ریاضی کے ریاستی امتحان میں ماہر تھے

98% والدین اپنے بچے کی تعلیم سے مطمئن ہیں

98% والدین محسوس کرتے ہیں کہ ان کا بچہ اسکول میں محفوظ ہے

اسکول کے بارے میں ***02M001*** جاننے کے لئے schools.nyc.gov/accountability پر تلاش کریں۔

پیشکش کردہ پروگرام

پروگرام کوڈ	
02M001KG	P.S. 1 ALFRED E. SMITH
02M001CH	CHINESE DUAL LANGUAGE PROGRAM

2016 میں کس کو پیشکشیں وصول ہوئیں؟

	سب کو	کچھ کو	کسی کو نہیں
زون والے بہن بھائی	☆		
زون والے دیگر طلباء و طالبات کو	☆		
زون سے باہر رہنے والے بہن بھائیوں کو	☆		
زون سے باہر رہنے والے Pre-K طلباء و طالبات کو	☆		
ضلع کے دیگر طلباء و طالبات	☆		
ضلع سے باہر طلباء و طالبات کو		☆	

2.5.5 کس کو 2016 میں پیشکشیں ملیں؟جانیں کہ گزشتہ مارچ طلباء و طالبات کے کون سے گروپس نے پیشکشیں وصول کیں۔ بہت سارے اسکول بعد میں موسم بہار اور موسم گرما میں اپنے منتظرین کی فہرست میں سے دیگر گروہوں کو پیشکشیں دینے کے قابل تھے۔

سیکشن 4.0 مزید معلومات فراہم کرتی ہے کہ ہم کنڈرگارٹن کی پیشکشیں کیسے تیار کرتے ہیں۔

2.6 اپنے اسکول کے انتخابات درج کریں

آپ اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست پر12 تک اسکول کے انتخابات درج کر سکتے ہیں۔ آپ کو اسکولوں کو اپنی پسند کی ترتیب کے لحاظ سے درج کرنا چاہیے۔ آپ اسکول کے دوہری زبان کے پروگرام میں براہ راست درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ان پروگراموں میں درخواست دینے میں دلچسپی ہے، تو اپنی درخواست پر درست پروگرام کوڈ درج کرنا یقینی بنائیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اپنے زون والے اسکول میں جائے تو آپ کو اسے اپنی درخواست پر درج کرنا چاہیے۔

محکمہ تعلیم آپ کو آپ کی درخواست پر اولین انتخاب کے لئے پیشکش دینے کی کوشش کرے گا۔ بہت سے پروگراموں کے لئے نشستوں سے زیادہ درخواست دہندگان ہوتے ہیں۔ جب ایسا ہو، ہم اولین ترجیح والے خاندانوں کو اس اسکول کے لئے پیشکش کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اسکول اپنے زون والے تمام طلباء و طالبات کو زون سے باہر رہنے والوں سے پہلے پیشکش کرے گا۔

آپ کے بچے کا دوسروں کے مقابلے میں کچھ اسکولوں میں داخلہ ملنے کا زیادہ امکان ہے۔ جانیں کہ گزشتہ مارچ میں کون سے طلباء و طالبات کو پیشکش ملی۔ اگر کسی اسکول نے گزشتہ سال طلباء و طالبات کے کسی مخصوص گروہ کو پیشکشیںrتو اس کا امکان ہے کہ وہ اس گروپ کو دوبارہ پیشکشیں بھیجیں گے۔

مثال کے طور پر، اگر کوئی اسکول زون سے باہر رہنے والے ایسے بچوں کو پیشکشیں کرنے کے قابل تھا جن کے بڑے بہن بھائی اسکول میں پڑھتے تھے، تو وہ دوبارہ زون سے باہر رہنے والے بہن بھائیوں کو پیشکش کرنے کے قابل ہوں گے۔

اس ڈائریکٹری میں اسکول صفحات کا جائزہ لیں یہ جاننے کے لئے کہ طلباء و طالبات کے کون سے گروہ نے گزشتہ سال ہر ایلیمنٹری اسکول میں پیشکش حاصل کی۔

رکیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اپنے زون اسکول میں جائے تو آپ کو اسے اپنی درخواست پر درج کرنا چاہیے۔

3.0 13 جنوری 2017 تک کنڈرگارٹن کے لئے درخواست دیں

جب آپ اپنے اسکول کے انتخابات چن لیتے ہیں، تو آپ اپنی کنڈرگارٹن درخواست جمع کرنے کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ آپ 30 نومبر 2016 سے 13 جنوری 2017 تک کنڈرگارٹن کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ آن لائن، بذریعہ فون یا بذات خود درخواست دے سکتے ہیں؛ چاہے جیسے بھی آپ درخواست دیں رسید کا مطالبہ کریں اور اسے محفوظ رکھیں۔

تمام خاندانوں کو کنڈرگارٹن کے لئے ایک درخواست جمع کرانی چاہیے، بشمول موجودہ پری-کنڈر گارٹن طلباء و طالبات، معذوریوں والے طلباء و طالبات اور انگریزی زبان کے متعلمین۔ حالیہ پری-کنڈر گارٹن طلباء و طالبات از خود کنڈرگارٹن کے لئے اپنے اسکول میں قیام نہیں کرتے۔

فی بچہ صرف ایک درخواست پر عمل کیا جا سکتا ہے اور صرف بنیادی تحویل والے والدین/سرپرست درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ جہاں مشترکہ تحویل کے معاہدے ہوں، اگر اسکول کی فیصلہ سازی کو متاثر کرنے والی کوئی مخصوص شرط نہ ہو تو اسکول کے ہفتے کے دوران بچے کی بنیادی جسمانی تحویل رکھنے والے والدین کو تحویلی والدین تصور کیا جاتا ہے۔

نوٹ: داخلہ پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہوتا۔ 13 جنوری 2017 تک آن لائن، بذریعہ فون یا شخصی طور پر موصول ہونے والے تمام درخواستوں کو داخلوں کی ترجیحات میں ایک جیسا تصور کیا جاتا ہے۔

3.1 کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کے تین طریقے

آن لائن schools.nyc.gov/ApplyOnline

1. 24 گھنٹے روزانہ دستیاب ہے
2. آن لائن درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 13 جنوری 2017، رات 11:59 بجے تک ہے۔
3. عربی، بنگالی، چینی، انگریزی، فرانسیسی، ہیٹیائی کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی، اور اُردو میں درخواست دیں۔

718-935-2400 پر بذریعہ فون۔

2. سوموار سےجمعہ صبح 8 سے شام 6 تک کال کریں
3. فون پر درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 13 جنوری 2017، شام 6:00 بجے تک ہے۔
4. 200 سے زائد زبانوں میں درخواست دیں—اگر آپ انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں تو ایک مترجم کا مطالبہ کریں

خاندانی استقبالیہ مرکز پر ذاتی طور پر تشریف لے جا کر

3. سوموار سے جمعہ صبح 8 سے شام 3 بجے تک کھلے ہوتے ہیں، مقامات سرورق پر درج ہیں
4. خود درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 13 جنوری 2017، شام 3 بجے تک ہے۔
5. 200 سے زائد زبانوں میں درخواست دیںاگرآپ انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں تو ایک مترجم کا مطالبہ کریں

آن لائن درخواست دینے والے خاندانوں کو اپنا ذاتی ای میل پتہ استعمال کرنا چاہیے۔ اگر آپ کا کوئی ای میل ایڈریس نہیں ہے اور/یا ایک ای میل ایڈریس فراہم نہیں کرنا چاہتے، تو براہِ کرم ٹیلی فون پر یا ذاتی طور پر درخواست دیں۔

3.2 پبلک اسکول کنڈرگارٹن کے اضافی انتخابات

درج ذیل تمام پروگراموں اور اسکولوں کے درخواست دینے کے اپنے علیحدہ طریقہ کار ہیں۔

3.2.1 قابل اور ہنرمند: Gifted & Talented (G&T) پروگرام ایک طریقہ ہے جس سے نیو یارک شہر محکمہ تعلیم منفرد تعلیمی صلاحیتوں کے حامل طلباء کی تعلیمی ضروریات میں معاونت کرتا ہے۔ قابل اور ہنرمند داخلوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/GiftedandTalented**۔

- تمام خاندانوں کی کنڈرگارٹن اور G&T دونوں کے داخلوں کے طریقہ کار میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- G&T کی تعین کے لئے اپنے بچوں کا امتحان دلانے میں دلچسپی رکھنے والے خاندانوں کی جانب سے امتحان لیے جانے کی درخواست کرنے (RFT) کا فارم 14 نومبر 2016 تک بھیج دینا جانا چاہیے۔
- اگر آپ کا بچہ G&T ٹیسٹ دے رہا ہے تو آپ کو اپریل میں ٹیسٹ کے نتائج پتہ چلیں گے۔ آپ کا بچہ اپنے ٹیسٹ کے نمبروں کی بنیاد پر G&T پروگراموں کے لئے درخواست دینے کا اہل پائے گا۔
- اگر آپ سے RFT آخری تاریخ چھوٹ گئی ہے اور اپ اپنے بچے کا امتحان دلانے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یہاں رابطہ کریں **ESEnrollment@schools.nyc.gov** پر رابطہ کریں اور ہم آپ کی درخواست کے لیے گنجائش پیدا کرنے کی ہرممکن کوشش کریں گے۔ تاخیر سے ملنے والی درخواستوں کا ہر معاملے کے لیے الگ الگ جائزہ لیا جاتا ہے اگر آپ 14 نومبر 2016 کی آخری تاریخ تک RFT فارم جمع نہیں کرواتے تو کوئی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کے بچے کا امتحان لیا جائے گا۔

3.2.2 چارٹر اسکول: چارٹر اسکولوں کی فہرست کے لیے، براہِ کرم اس ڈائریکٹری کی آخری سیکشن ملاحظہ کریں۔ چارٹر اسکول:

- وہ پبلک اسکول ہوتے ہیں جو پانچ سالوں تک کے ایک کارکردگی کے معاہدے یا "چارٹر" کے مطابق خود مختارانہ طور پر کام کرتے ہیں؛
- مفت ہوتے ہیں-ٹیوشن فیس وصول نہیں کرتے؛
- تعلیمی کارکردگی کے لئے مخصوص اہداف پورا کرنے یا اس سے آگے بڑھنے کا عہد کرتے ہیں؛
- غیر منافع بخش مجلس متولین کی جانب سے چلائے جاتے ہیں-یہ زیادہ تر بغیر تنخواہ کے رضاکاروں پر مشتمل ہوتے ہیں اور اسکول کی پالیسیاں بنانے، ریاستی اور وفاقی قانون کی تعمیل کو یقینی بنانے، اسکول کے بجٹ کی نگرانی کرنے اور اسکول کے قائد کا جائزہ لینے جیسے افعال کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔
- ان کے مجازکاروں (چارٹر اسکول قائم کرنے اور ان کی تجدید کرنے کا اختیار رکھنے والے ریاست کے منظورشدہ ادارے) کی جانب سے باقاعدگی کے ساتھ ان کا جائزہ لیا جاتا ہے؛ اور
- متفق علیہ تعلیمی اور آپریشنل اہداف اور دیگر کارکردگی کے معیارات پورے یا ان سے تجاوز کرنے پر ان کے مجازکاروں کی جانب سے ان کو پانچ مزید سالوں تک کے لئے تجدید فراہم کی جا سکتی ہے؛ اس عمل کا گردشوں میں اعادہ ہوتا ہے جس کا انحصار ہر اسکول کی حالیہ ترین تجدید کی لمبائی پر ہوتا ہے۔

3.2.3 Special Music School (03M859): اگر آپ Special Music School میں درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہ کرم ایک آڈیشن کا وقت طے کرنے کے لئے براہ راست اسکول سے رابطہ کریں۔ آڈیشن دینے والے خاندانوں کو داخلوں کے مرکزی طریقہ کار میں اپنی کنڈرگارٹن درخواست پر Special Music School بھی درج کرنا چاہیے۔

- **پتہ:** 129 West 67th Street, New York NY 10023
- **فون :** 212-501-3318
- **ویب سائٹ:** www.kaufmanmusiccenter.org/sms

4.0 مارچ 2017 میں کنڈرگارٹن پیشکش وصول کریں

آپ کو مارچ 2017 میں اپنے بچے کا کنڈرگارٹن پیشکش کا خط ملے گا۔ اگر آپ نے آن لائن درخواست دی ہے، آپ کو بذریعہ ای میل بھی اپنی پیشکش وصول ہو گی۔ آپ کے پیشکشی خط میں درج ہو گا کہ آپ کا بچہ کنڈرگارٹن کے لئے کون سے اسکول میں جائے گا۔ یہ خط یہ بھی بتائے گا کہ آپ کے بچے کو کہاں منتظرین کی فہرست پر رکھا گیا ہے۔

ہم کنڈرگارٹن کی پیشکشیں تیار کرنے کے لئے داخلوں کی ترجیحات استعمال کرتے ہیں۔ داخلوں کی ترجیحات طلباء و طالبات کی ان کے اسکول کی ترجیح کی بنیاد پر گروہ بندی کرتی ہیں۔ پیشکشیں داخلوں کی ترجیحات کی ترتیب کے لحاظ سے اولین ترین گروپ سے کم ترین گروپ کے مطابق کی جاتی ہے۔

کتنی زیادہ آپ کے بچے کی کسی اسکول کے لئے ترجیح ہو گی، اتنا ہی زیادہ امکان ہے کہ آپ کا بچہ اس اسکول کے لئے پیشکش وصول کرے گا۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے بچے کا آپ کی درخواست پر درج اسکول میں کوئی بڑا بہن بھائی پڑھتا ہے تو آپ کے بچے کو ان بچوں کے مقابلے میں پیشکش وصول کرنے کا زیادہ امکان ہے جن کے بہن بھائی نہیں۔

ہر اسکول صفحے پر درج ہوتا ہے کہ گزشتہ سال طلباء و طالبات کے کون سے گروہ کو پیشکشیں ملیں۔

4.1 زون اسکول میں داخلوں کی ترجیحات

ہم زون اسکولوں کو اس ترتیب سے پیشکشیں بھیجتے ہیں:

1. ایک مصدقہ بہن بھائی کے ساتھ، زون میں رہنے والے طلباء و طالبات*
2. ایک مصدقہ بہن بھائی کے بغیر، زون میں رہنے والے طلباء و طالبات

اگر گنجائش ہو تو، تو زون سے باہر رہنے والے طلباء و طالبات کو بھی، مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق داخل کیا جا سکتا ہے:

3. ایک مصدقہ بہن بھائی کے ساتھ، ضلع میں رہنے والے طلباء و طالبات*
4. ایک مصدقہ بہن بھائی کے ساتھ، ضلع سے باہر رہنے والے طلباء و طالبات*
5. ضلع میں رہنے والے وہ طلباء جو اس وقت اسکول میں پری کنڈر گارٹن میں داخل ہیں**
6. ضلع سے باہر رہنے والے وہ طلباء جو اس وقت اسکول میں پری کنڈر گارٹن میں داخل ہیں**
7. وہ طلباء و طالبات جو ضلع میں رہتے ہیں، ماسوائے ان کے جو اوپر (3) اور (5) میں ہیں
8. وہ طلباء و طالبات جو ضلع سے باہر رہتے ہیں، ماسوائے ان کے جو اوپر (4) اور (6) میں ہیں

4.2 غیر زون شدہ اسکولوں میں داخلوں کی ترجیحات

عام طور پر، غیر زون شدہ اسکول جیسے ضلع میں رہنے والے بچوں کو اس اسکول میں کسی دوسرے ضلع میں رہنے والے بچوں سے پہلے پیشکشیں ملیں گی۔ ہر غیر زون شدہ صفحے پر اسکول کے داخلے کی ترجیحات درج ہوتی ہیں: اگر آپ کسی غیر زون شدہ اسکول میں درخواست دینے کی دلچسپی رکھتے ہیں، تو اس اسکول کے لئے داخلوں کی ترجیحات دیکھنا اور یہ کہ طلباء و طالبات کے کون سے گروہوں کو گزشتہ سال پیشکشیں وصول ہوئیں دیکھنا یقینی بنائیں۔

4.3 ضلع 1 داخلوں کی ترجیحات

Manhattan میں، Lower East Side میں ایک انتخابی ضلع-ضلع 1 ہے۔ اس ضلع میں کوئی زون والے اسکول نہیں ہیں، اور ضلع 1 میں رہنے والے بچوں کو ضلع میں تمام اسکولوں میں داخل ہونے کی ترجیح ہے۔

ہم ان داخلوں کی ترجیحات کی بنیاد پر ترتیب کے لحاظ سے ضلع 1 کے اسکولوں کی پیشکشیں تیار کرتے ہیں:

1. ضلع 1 میں رہنے والے طلباء و طالبات جو پری کنڈر گارٹن کے لیے ضلع 1 کے اسکول میں داخل ہیں اور اپنے موجودہ اسکول کو کنڈرگارٹن کے لیے اپنی پہلی پسند کے طور پر چُنتے ہیں**
2. طلباء و طالبات جو ضلع 1 میں مقیم ہیں جن کے مصدقہ بہن بھائی ضلع 1 کے کسی اسکول میں پڑھتے ہیں اور اپنے بہن بھائی کے اسکول کو کنڈرگارٹن کے لیے اپنی پہلی پسند کے طور پر چُنتے ہیں*
3. طلباء و طالبات جو ضلع 1 سے باہر مقیم ہیں جن کے مصدقہ بہن بھائی ضلع 1 کے کسی اسکول میں پڑھتے ہیں اور اپنے بہن بھائی کے اسکول کو کنڈرگارٹن کے لیے اپنی پہلی پسند کے طور پر چُنتے ہیں*
4. ضلع 1 میں رہنے والے تمام دیگر طلباء و طالبات جو اسکول کو اپنی پہلی پسند کے طور پر چُنتے ہیں
5. وہ طلباء و طالبات جو ضلع 1 سے باہر مقیم ہیں جو پری کنڈر گارٹن ضلع 1 کے اسکول میں پڑھتے ہیں اور اسکول کو اپنی پہلی پسند کے طور پر چُنتے ہیں
6. طلباء و طالبات جو ضلع 1 میں رہتے ہیں جنہیں اپنی پہلی پسند میں جگہ نہیں مل سکی
7. تمام دیگر طلباء و طالبات جو ضلع 1 سے باہر رہتے ہیں

اگر آپ ضلع 1 میں رہتے ہیں اور وہاں کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں، تو اس ضلع کے لیے ڈائریکٹری لینا یقینی بنائیں۔ یہ ڈائریکٹریاں مقامی ایلیمنٹری اسکولوں، خاندانی استقبالیہ مراکز (مقامات کے لئے پچھلا اندر کا کوور دیکھیں) اور آن لائن **schools.nyc.gov/Kindergarten**۔

* بہن بھائیوں کی تعریف درخواست دہندہ کا بھائی یا بہن - بشمول سوتیلے بھائی، سوتیلی بہنیں، رضاعی بھائی، رضاعی بہن - جو ایک ہی گھرانے میں رہتے ہوں اور اس وقت گریڈ K-5 میں اس اسکول میں پہلے سے داخل ہوں اور ستمبر 2017 میں اس اسکول میں گریڈ K-5 میں داخل ہوں گے۔ اس میں وہ طلباء و طالبات شامل ہیں جو ایک ہی اسکول عمارت میں ضلع 75 کے پروگراموں میں ایک جگہ ہوں۔ اسکول ان درخواست دہندگان کو ترجیح کی پیشکش کرتے ہیں جن کے مصدقہ بہن بھائی اسکول میں زیرِ تعلیم ہیں۔

** طلباء و طالبات جو اس وقت پری کنڈر گارٹن میں داخل ہیں کو کنڈرگارٹن میں صرف اس اسکول میں داخلے کی ترجیح حاصل ہو گی جہاں وہ پڑھتے ہیں۔ تمام اسکولوں میں پری کنڈر گارٹن نہیں۔

4.4 فہرستِ منتظرین

اسکول ایک منتظرین کی فہرست آویزاں کرے گا اگر اسکول میں دستیاب نشستوں سے زیادہ طلباء و طالبات نے درخواستیں دی ہوں۔

آپ کو ان اسکولوں میں داخلے کے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھ دیا جائے گا جن کی درجہ بندی آپ نے اپنی درخواست میں اس سکول سے اوپر کی ہے جہاں سے آپ کے بچے کو ایک پیشکش موصول ہوئی ہے۔

مثال کے طور پر، اگر آپ کو اس اسکول کی جانب سے پیشکش ہوتی ہے جسے آپ نے اپنی درخواست میں تیسرے نمبر پر رکھا تھا، آپ خود بخود اپنی پسند کے پہلے اور دوسرے اسکولوں میں داخلے کے منتظرین کی فہرستوں میں درج ہو جائیں گے۔

اگر اسکول داخلے کے منتظر خاندانوں کو ایک نشست کی پیشکش کرنے کے قابل ہوں گے تو وہ ان کے ساتھ براہِ راست رابطہ کرتے ہیں؛ داخلے کے عمل میں اس مرحلے پر خاندانوں کے لیے کوئی اضافی کاروائی کرنا درکار نہیں ہے۔

5.0 اپریل 2017 تک اپنی پیشکش قبول کریں اور پیشگی اندراج کرائیں

جب آپ اپنا پیشکشی خط وصول کر لیتے ہیں، آپ کو اپنی کنڈرگارٹن کی پیشکش قبول کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اپنی پیشکش قبول کرنے کے لئے، پیشگی اندراج کرانے کے لئے خاندانوں کو بذات خود اسکول جانا ہو گا؛ ہم خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں وہ پیشگی اندراج کا وقت طے کرنے کے لئے اسکول سے رابطہ کریں۔

5.1 ابتدائی اندراج

پیشگی اندراج کرانے کے لئے آپ اس اسکول جس کے لئے آپ نے پیشکش وصول کی ہے کو اپنا بچہ اور مطلوبہ دستاویزات لائیں گے۔ اپنے بچے کا پیشگی اندراج کرانے کا مطلب ہے کہ آپ نے اپنی پیشکش قبول کر لی ہے اور اپنی نشست محفوظ کر لی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کا اس اسکول میں ابتدائی اندراج کرواتے ہیں جہاں سے آپ کو ایک پیشکش موصول ہوتی ہے، پھر بھی آپ ایک ایسے اسکول یا قابل و ہنر مند پروگرام کی جانب سے پیشکش موصول اور قبول کر سکتے ہیں جہاں آپ کا بچہ فہرستِ منتظرین میں ہے۔

رکیں پیشگی اندراج کرانے کے لئے اپنے بچے کے اسکول کیا کچھ ہمراہ لایا جائے کی فہرست کے لئے اگلے صفحے کا جائزہ لیں۔

پیشگی اندراج کے لئے کیا ہمراہ لایا جائے

اپنی کنڈرگارٹن پیشکش قبول کرنے اور اپنی نشست محفوظ کرنے کے لئے براہ کرم درج ذیل چیزیں ہمراہ لائیں۔
اپریل 2017 تک پیشگی اندراج کرانا یاد رکھیں۔

- [ ] **اپنا بچہ**
- [ ] **اپنے بچے کی عمر کا ثبوت (بچے کی پیدائش کا سرٹیفیکیٹ، پاسپورٹ، یا باپتزم کا ریکارڈ)**
- [ ] **پتے کے ثبوت کی تصدیق کرنے کے لئے نیچے دی گئی دستاویزات میں سے دو**

- [ ] کرایہ داری کا معاہدہ، دستاویز، یا مارگیج اسٹیٹمنٹ برائے رہائش گاہ؛
- [ ] سرکاری خدمات کی کمپنی (مثلاً National Grid یا Con Edison) کی جانب سے رہائشی کے نام پر جاری کیا گیا یوٹیلیٹی بل (گیس یا بجلی)؛ اس کی تاریخ لازمی طور پر پچھلے 60 دنوں کے اندر اندر ہو؛
- [ ] رہائش پر فراہم کی گئی کیبل ٹیلی وژن سروس کا ایک بل؛ جس میں والد یا والدہ کا نام اور رہائش کا پتہ شامل ہونا لازمی ہے اور اس کی تاریخ پچھلے 60 دنوں کے اندر اندر ہو؛
- [ ] کسی وفاقی، ریاستی، یا مقامی حکومتی ایجنسی کی جانب سے دستاویز کاری یا خط اس کے لیٹر ہیڈ پر، بشمول IRS، City Housing Authority، وفاقی Office of Refugee Resettlement، Human Resources Administration، یا Administration for Children's Services (ACS)، یا ایک ACS ذیلی ٹھیکیدار، جس پر مکین کا نام اور پتہ درج ہو؛ اس کی تاریخ پچھلے 60 دنوں کے اندر اندر ہونا لازم ہے؛
- [ ] گھر کا حالیہ جائیداد ٹیکس بل؛
- [ ] رہائش گاہ کا پانی کا ایک بل، جس کی تاریخ لازمی طور پر پچھلے 90 دنوں کے اندر اندر ہو؛
- [ ] کرایہ کی رسید جس میں رہائش کا پتہ شامل ہو؛ اس کی تاریخ لازمی طور پر پچھلے 60 دنوں کے اندر اندر ہو؛
- [ ] ریاست، شہر، یا حکومت کی جانب سے جاری کردہ دیگر شناخت (بشمول ایک IDNYC کارڈ)، جو زائد المعیاد نہیں ہوا اور اس پر رہائش کا پتہ شامل ہے؛
- [ ] پچھلے تقویمی (کیلنڈر) سال کے لیے انکم ٹیکس کا فارم؛
- [ ] سرکاری NYS ڈرائیور لائسنس یا لرنر پرمٹ، جو زائد المعیاد نہیں ہوا؛
- [ ] ایک آجر کی جانب سے جاری کردہ تنخواہ کی باضابطہ دستاویزات جو پچھلے 60 دن کے اندر اندر ہوں جیسے کہ گھر کے پتے کے ساتھ تنخواہ کی رسید، تنخواہ میں سے ٹیکس کی کٹوتی کے مقصد کے لیے جمع کروایا گیا فارم یا تنخواہ کی رسید (آجر کی جانب سے اس کے لیٹرہیڈ پر ایک خط کافی نہیں ہے)؛ گھر کا پتہ شامل ہونا اور پچھلے 60 دنوں کے اندر اندر ہونا لازمی ہے؛
- [ ] ووٹر اندراج کی دستاویزات، جس میں والد یا والدہ کا نام اور رہائش کا پتہ شامل ہو؛
- [ ] رہائش پر مبنی غیر زائدالمعیاد رکنیت کی دستاویزات (جیسے مضافاتی رہائشیوں کی انجمن)، جس میں والد یا والدہ کا نام اور رہائش کا پتہ شامل ہو؛
- [ ] بچے کی تحویل کا ثبوت، بشمول لیکن انہیں تک محدود نہیں عدالتی تحویلی احکامات یا سرپرستی کے کاغذات؛ دستاویزات لازمی طور پر 60 دنوں کے اندر اندر جاری کی گئی ہونی چاہیئں اور ان میں طالب علم کا نام اور رہائشی پتہ شامل ہونا چاہیئے۔

نوٹ: عارضی رہائش میں رہنے والے طلباء و طالبات، جس کی تعریف McKinney-Vento نے کی ہے، کو اندراج کرانے کے لئے دستاویزات - بشمول پتہ، تاریخ پیدائش کا ثبوت اور حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔ اسکولوں کو عارضی طور پر طالب علم کا پیشگی اندراج کرنا چاہیے اور پھر دستاویزات حاصل کرنے کے لئے عارضی رہائش میں طلباء و طالبات کے رابطہ کار کے ساتھ ملکر کام کریں گے۔

5.2 نقل و حمل

نیو یارک شہر میں، پبلک ایلیمنٹری اسکول میں داخل ہونا **پیلی بس خدمات کی ضمانت نہیں**۔ طلباء و طالبات جو تخصیص کردہ آمدورفت کے اہل ہوں ان کو بس خدمات دی جائے گی۔ عمومی تعلیم کے طلباء و طالبات کے لئے، اگر آپ کے بچے کا اسکول آپ کے رہائشی ضلع کے علاوہ کسی دوسرے ضلع میں ہے تو اسکول بس آمدورفت دستیاب **نہیں** ہو گی۔ اگر آپ کے بچے کا اسکول اس ضلع میں ہے جہاں آپ رہتے ہیں، محکمہ تعلیم اس بات کا تعین کرنے کے لئے کہ آیا آپ کا بچہ مفت یا تخفیفی کرایہ کی آمدورفت کے لئے اہل ہے نیچے دیا گیا جدول استعمال کرے گا۔

گریڈ	بچے کے گھر سے اسکول تک پیدل فاصلہ		
	½ میل سے کم	½ میل سے 1 میل	1 میل یا زیادہ
K - 2	نصف کرائے کا MTA بس پاس	پیلی بس یا میٹرو کارڈ	پیلی بس یا میٹرو کارڈ
3-4	کوئی آمدورفت مہیا نہیں کی جاتی	نصف کرائے کا MTA بس پاس	

اگر آپ کا بچہ اوپر دیئے گئے چارٹ میں "یا تو پیلی بس یا پھر MetroCard" کے لیے مستحق ہے، آپ کے بچے کو پیلی اسکول بس ملے گی اگر:

1. اسکول نے پیلی بس خدمت کے لیے دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کو درخواست دے رکھی ہے؛
2. طالب علم اسی ضلع میں رہتا ہے جس ضلع میں اسکول واقع ہے؛ اور
3. محکمہ تعلیم طالب علم اور کم از کم 10 دیگر طلباء و طالبات کو بس کے روٹ پر خدمت فراہم کر سکتا ہے جو فاصلے میں 5 میل سے زائد نہ ہو جب یہ فاصلہ روٹ پر سٹاپوں سے گزرتے ہوئے گلیوں میں بس کے سفر کی پیمائش کی جائے۔

اہل طلباء و طالبات جو اس معیار کو پورا نہیں کرتے ان کو ایک میٹرکارڈ ملے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک اہل کنڈرگارٹن کے طالب علم کو میٹروکارڈ ملے گا اگر:

- وہ کسی دوسرے ضلعے میں اسکول کو جاتا/جاتی ہے، یا
- وہ اسکول سے اتنا دور رہتا/رہتی ہے کہ محکمہ تعلم 11 افراد/5 میل کا بس روٹ نہیں بنا سکتا ہے۔

اسکول کے بڑے اضلاع جیسا کہ 31 (اسٹیٹن آئلینڈ) یا کوئنز میں بڑے اضلاع میں خاندانوں کو خاص طور پر اس پر توجہ دینی چاہیے کیونکہ ان علاقے میں طلباء و طالبات تک 5 میل کے روٹ پر نہیں پہنچا جا سکتا۔

مخصوص اسکولوں میں موجودہ بس سٹاپوں کے بارے میں معلومات کے لئے، براہ کرم اسکول سے براہ راست رابطہ کریں۔ براہ کرم مزید معلومات کے لئے طلباء کی آمدورفت کے دفتر کی ویب سائٹ بھی ملاحظہ کریں: **optnyc.org/parents/information**۔

6.0 اپنے بچے کی ضروریات پورا کرنا

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم تمام طلباء و طالبات بشمول معذوریوں والے اور انگریزی زبان کے متعلمین کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے پر عزم ہے۔

6.1 انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) کے حامل طلباء و طالبات

تمام اسکول معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرتے ہیں، اور توقع کی جاتی ہے کہ وہ طلباء و طالبات کے IEPs پر درج خاص تعلیم کے پروگرام اور خدمات مہیا کریں گے۔ IEPs والے بہت سارے طلباء و طالبات اپنے زون اسکول میں جاتے ہیں، ایسے ہی جیسا کہ ان کے دوسرے تعلیمی ساتھی۔ معذوریوں والے طلباء و طالبات کے خاندانوں کو کنڈرگارٹن کی ایک نشست حاصل کرنے کے لئے کنڈرگارٹن میں درخواست دینی چاہیے۔

محکمۂ تعلیم یہ یقینی بنانے کے کے لیے پابند عہد ہے کہ معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کی رسائی معیاری تعلیم تک ہو، اور وہ ممکنہ مناسب حد تک، ان کے عام تعلیم کے ہم جماعتوں کے ساتھ تعلیم حاصل کریں۔ اس پالیسی کو کہتے ہیں *کامیابی کی جانب مشترکہ راہ*۔ نیو یارک شہر میں خاص تعلیم کے بارے مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/KindergartenSpecialEducation**۔

6.1.1. کنڈرگارٹن (اسکول جانے کی عمر) کے لیے خاص تعلیم خدمات کے لیے تشخیص: کچھ نئے آنے والے کنڈرگارٹن کے طلباء و طالبات اسکول کی عمر کی خاص تعلیم خدمات وصول کرنے کے لئے اہل ہوں گے۔ یہ طلباء و طالبات انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) وصول کرتے ہیں۔

اگر آپ کا بچہ پری کنڈر گارٹن میں خاص تعلیم خدمات حاصل کرتا ہے، اس کی دوبارہ تشخیص کی جائے گی اس بات کا تعیین کرنے کے لئے کہ آیا وہ کنڈرگارٹن منتقل ہونے پر بھی خاص تعلیم خدمات کے لئے اہل ہیں۔

اگر آپ کے بچے کو فی الحال خاص تعلیم خدمات نہیں ملتیں، لیکن آپ کو یقین ہے کہ آپ کے بچے کو کوئی معذوری ہو سکتی ہے اور اسے خاص تعلیم خدمات درکار ہو سکتی ہیں، تو براہِ کرم آپ اپنی رہائش کے ضلع کے لیے کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) سے رابطہ کریں۔ رابطہ کی معلومات کے لئے، 311 پر کال کریں یا کے لئے **schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/ContactsResources/cse**۔

6.1.2 اسکولوں میں خاص تعلیم خدمات اور معاونتیں: تمام اسکول معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرتے ہیں، اور توقع کی جاتی ہے کہ وہ طلباء و طالبات کے IEPs پر درج خاص تعلیم کے پروگرام اور خدمات مہیا کریں گے۔ خاص تعلیم پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/tellmemore/importantDocuments**۔

6.1.3 ضلعی اسکولوں میں متخصص پروگرام: متخصص پروگرام کچھ ضلعی اسکولوں میں موجود ہیں اور مخصوص معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ جبکہ زیادہ تر طلباء و طالبات کو ان کے مقامی اسکولوں میں خدمات مہیا کی جاتی ہیں، کچھ طلباء و طالبات متخصص پروگرام میں پڑھنے کے اہل ہو سکتے ہیں جو ہر اسکول میں دستیاب نہیں۔ کچھ ضلعی اسکول مندرجہ ذیل متخصص پروگراموں میں سے ایک یا زیادہ کی پیشکش کرتے ہیں:

- دولسانی خآص تعلیم (BSE) پروگرام
- Autism Spectrum Disorder (ASD) Nest پروگرام اور / یا ASD Horizon پروگرام
- تعلیم، طرز معاش اور بنیادی صلاحیتوں کا (ACES) پروگرام

اجتمائی اسکولوں میں متخصص پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/enrolling/specializedprograms**۔

6.1.4 متخصص اسکول (ضلع 75): ضلع 75 شدید معذوریوں والے طلباء و طالبات بشمول آٹزم کے حامل طلباء و طالبات، چیزوں کو سمجھنے میں کافی تاخیر، جذباتی خلل، احساسی معذوریاں، اور/یا کثیر معذوریوں کے حامل طلباء کے لیے پروگراموں میں انتہائی خصوصی طور پر تیار کردہ تعلیم مہیا کرتا ہے۔ ضلع 75 کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: **schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/D75**۔

6.2 انگریزی سیکھنے والے طلباء و طالبات

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم انگریزی کے متعلمین (ELLs) کو کئی طرح کے پروگرام اور معاونتیں فراہم کرتا ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ان میں درجہ کمال تک پہنچنے کے لئے ضروری انگریزی زبان کی مہارتیں فروغ پاتی ہیں۔ ELLs کو خدمات فراہم کرنے کے لئے تین بڑی اقسام کے پروگرام تیار کیے گئے ہیں: انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL)، عبوری دو لسانی تعلیم (TBE)، اور دوہری زبان (DL)۔ تمام اسکول ENL پروگرام پیش کرتے ہیں؛ TBE اور DL پروگرام شہر بھر میں مخصوص ایلیمنٹری اسکولوں میں دستیاب ہیں۔

- **انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL):** ENL پروگرام، جنہیں انگریزی بحیثیت دوسری زبان یا ESL کہا جاتا تھا، طلباء و طالبات کی گھریلو زبان کی معاونت کے ساتھ انگریزی میں تعلیم مہیا کرتے ہیں تاکہ وہ انگریزی پڑھنا، لکھنا، اور بولنا سکیھ سکیں۔ اس پروگرام میں طلباء و طالبات بہت سے مختلف پس منظروں سے آتے ہیں، اور انگریزی ان کے درمیان واحد مشترکہ زبان ہو سکتی ہے۔
- **عبوری دولسانی تعلیم (TBE):** TBE کے پروگرام انگریزی میں اور آپ کے بچے کی گھریلو زبان میں پڑھنے، لکھنے، اور دیگر کلاسیں مہیا کرتے ہیں۔ جیسے جیسے طلباء و طالبات کی انگریزی بہتر ہوتی ہے، انگریزی میں تعلیم حاصل کرنے پر صرف کیے جانے والے وقت میں اضافہ ہوتا ہے اور گھریلو زبان میں تعلیم حاصل کرنے پر صرف کیے جانے والا وقت کم ہوتا ہے۔ جب آپ کے بچے کی شناخت اب مزید انگریزی کے متعلمین کے طور پر نہیں ہوتی ہے، وہ پروگرام سے نکل جائے گا/گی۔
- **دوہری زبان (DL):** دوہری زبان پروگراموں میں طلبا کو دو زبانوں میں تعلیم فراہم کی جاتی ہے: انگریزی اور ان کی گھریلو زبان، جیسے کہ دیگر کے علاوہ، ہسپانوی، چینی، یا فرانسیسی۔ طلباء و طالبات کے لیے اس پروگرام کا مقصد انگریزی اور ان کی گھریلو زبان دونوں میں پڑھنے، لکھنے، اور بولنے کے قابل بننا ہے۔ دوہری زبان کی کلاسوں میں، گھریلو زبان اور انگریزی مساوی طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔

  DL پروگراموں کا مقصد ELLs اور انگریزی زبان بولنے والے طلباء و طالبات کی تعداد کو متوازن بنانا ہے؛ لہٰذا، کچھ نشستیں ELLs کے لیے مخصوص ہو سکتی ہیں۔ مزید برآں، اسکول ایک تشخیص کر سکتے ہیں اور بچے کا انٹرویو لے سکتے ہیں، بچے کے گھر کی زبان اور انگریزی کی استعداد کا تعین کرنے کے لیے۔

  اگر آپ DL پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو آپ پر لازم ہے کہ اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست پر اس پروگرام کے لئے DL پروگرام کوڈ استعمال کرتے ہوئے درخواست دیں۔

6.2.1 انگریزی زبان کے متعلمین (ELLs) کی نشان دہی: ایک نئے داخل ہونے والے طالب علم کے والدین یا سرپرست کے طور پر، اپنے بچے کے اسکول میں داخل ہونے کے دس دنوں کے اندر اندر آپ کو اسکول میں ایک گھریلوں زبان شناخت کرنے کا سروے (HLIS) مکمل کرنا درکار ہے۔ یہ سروے اسکول کے عملے کو یہ بتاتا ہے کہ آپ گھر میں کون سی زبان استعمال کرتے ہیں۔ اگر HLIS نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کا بچہ/بچی انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان استعمال کرتا/کرتی ہے، اسکول تعین کرے گا آیا کہ وہ انگریزی استعداد کا ایک امتحان دینے کا/کی اہل ہے جو ریاست نیو یارک شناختی ٹیسٹ برائے انگریزي زبان کے متعلمین (NYSITELL) کہلاتا ہے۔ اس امتحان میں آپ کے بچے کی کارکردگی تعین کرتی ہے آیا کہ آپ کا بچہ ELL معاونتوں اور خدمات کا حقدار ہے یا نہیں۔

6.2.2 ELL پروگرام واقفیت: اپنے بچے کے لئے بہترین پروگرام کا انتخاب کرنا: اگر آپ کے بچے کی نشاندہی ایک ELL کے طور پر ہوئی ہے، آپ کے بچے کے اسکول میں داخل ہونے کے دس دنوں کے اندر اندر آپ کو اس کے اسکول میں ELL والدین کے ایک واقفیتی اجلاس میں شریک ہونے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ واقفیتی اجلاس کے دوران، آپ والدین کا سروے اور پروگرام منتخب کرنے کا فارم پُر کریں گے اور وہ پروگرام منتخب کریں گے جس کے بارے میں آپ کو یقین ہے کہ وہ آپ کے بچے کی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کرتا ہے۔ اگر آپ کو یہ فارم موصول نہیں ہوتا، آپ یہ اسکول سے طلب کر سکتے ہیں۔

اس ڈائریکٹری میں اسکولوں کے صفحات میں ان ELL پروگراموں کی فہرست ہے جو اسکول کی جانب سے فراہم کردہ اعدادوشمار کے مطابق ہر اسکول میں کنڈرگارٹن طلباء و طالبات کے لیے اس وقت پیش کیے گئے ہیں۔ ELL پروگرام پیشکشوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، براہِ راست اسکول سے رابطہ کریں۔

تمام اسکول ENL پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں، اور تمام اسکولوں سے توقع ہے کہ وہ TBE یا DL پروگرام شروع کریں گے جب ایک درجہ یا دو لگاتار درجوں میں ایک واحد زبان کے کم از کم 15 ELLs کے اہلِ خانہ نے پروگرام کی درخواست کی ہو گی۔ والدین کے سروے اور پروگرام کے انتخاب کے فارم پر ایک TBE یا دوہری زبان کے پروگرام کا انتخاب کرتے ہوئے، خاندان یہ اطلاع دینے میں مدد کر سکتے ہیں کہ کون سے ELL پروگراموں کی اسکولوں میں پیشکش کی جانی چاہیئے۔

نیو یارک شہر کے پبلک ایلیمنٹری اسکولوں میں دستیاب تمام ELL پروگراموں اور خدمات اور ELL اندراج کے عملے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ملاحظہ کریں:
schools.nyc.gov/Academics/ELL اور
schools.nyc.gov/Academics/ELL/FamilyResources۔

6.3 محدود حرکت پذیری اور /یا رسائی پذیری کی ضروریات والے طلباء و طالبات

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم محدود حرکت پذیری اور /یا رسائی پذیری کی ضروریات والے طلباء و طالبات کو کنڈرگارٹن کو ایسی تعیناتی مہیا کرنے کے لئے پرعزم ہے جو طالب علم کو تمام متعلقہ پروگراموں اور خدمات تک رسائی فراہم کرے۔

نوٹ: قابل رسائی اسکول کی تعیناتیاں کنڈرگارٹن داخلوں کے عمل **بعد** کی جاتی ہیں، اور ان کی بنیاد دستاویزات ہوتی ہیں جن میں طالب علم کی مخصوص ضروریات اور درکار عمارتی سہولیات کے بارے میں تفصیلات درج ہوتی ہیں۔

قابلِ رسائی اسکول اور پروگرام مکمل طور پر یا جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارت میں واقع ہوتے ہیں جہاں محدود حرکت پذیری والا ایک فرد داخل ہو سکتا ہے اور تمام متعلقہ پروگراموں اور خدمات، بشمول سائنس لیبارٹری، لائبریری، کیفے ٹیریا، اور جمنیزیم تک رسائی کر سکتا ہے۔ کچھ صورتوں میں، رسائی فراہم کرنے کے لئے کچھ اسکول پروگراموں کو منتقل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ کم از کم ایک غسل خانہ قابل رسائی ہے۔

قابل رسائی تصور کیے جانے والے تمام اسکول اس ڈائریکٹری میں مکمل طور پر قابل رسائی یا جزوی طور پر قابل رسائی کے طور پر لیبل کیے گئے ہیں۔

کنڈرگارٹن درخواست میں ایک غیر-داخلہ جاتی سوال شامل ہوتا ہے جس میں خاندانوں یہ ظاہر کرنے کا کہا جاتا ہے کہ آیا ان کا بچہ محدود حرکت پذیری اور/یا رسائی پذیری کا حامل ہے جس کے لئے ایک قابل رسائی اسکول کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ **اس سوال کے جواب کا کنڈرگارٹن داخلوں کے طریقہ کار کے ذریعے پیشکش کردہ اسکول پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔** اس کے بجائے، "ہاں" یا "یقین نہیں" کا انتخاب کرنے والے خاندانوں کو دستاویزات جمع کرانے کی ضرورت ہے اور تعیناتی کی شناخت کرنے کے لئے محکمہ تعلیم کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات کے بارے میں مزید معلومات مہیا کی جاتی ہیں۔

رسائی پذیری اور محکمہ تعلیم کے اسکولوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/offices/osp/accessibility۔

NYC سرکاری اسکول کنڈرگارٹن میں داخلے کی درخواست برائے تعلیمی سال 2017-18

Department of Education

آپ 13 جنوری 2017 کی ڈیڈلائن تک بذات خود کسی خاندانی استقبالیہ مرکز میں یہ کاغذی درخواست جمع کرا سکتے ہیں، یا آپ آن لائن schools.nyc.gov/ApplyOnline پر یا 718-935-2400 کو کال کر کے بذریعہ فون درخواست دے سکتے ہیں۔ **براہِ کرم یہ درخواست بذریعہ ڈاک یا اسکولوں میں جمع نہ کروائیں۔**
آپ اس درخواست کو استعمال کرتے ہوئے چارٹر اسکولوں میں درخواست نہیں دے سکتے۔

1 کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دہندہ کی معلومات

درخواست دہندہ کے نام کا پہلا حصہ | درخواست دہندہ کے نام کا آخری حصہ | M.I. | تاریخ پیدائش (سال سال سال سال/دن دن/مہینہ مہینہ) 2012

والدین/سرپرست کا پہلا نام | والدین/سرپرست کا آخری نام | فون نمبر

گھر کا نمبر | گلی کا نام | اپارٹمنٹ # | جنس (اختیاری) ❑ لڑکا ❑ لڑکی

شہر | ریاست NY | زپ کوڈ | اختیاری: طالب علم کا ID نمبر (OSIS)

والدین/سرپرست کا ای میل

کس بلدیہ میں رہتے ہیں (براہِ کرم ایک پر درست کا نشان لگائیں):
Staten Island ❑ Queens ❑ Manhattan ❑ Brooklyn ❑ Bronx ❑

پری کنڈرگارٹن (PRE-K) کی معلومات

